*Ref # ComSec/PSX/016/2024*
*March 6, 2024*

**The General Manager**
**Pakistan Stock Exchange Limited**
Stock Exchange Building
Stock Exchange Road
Karachi

**Subject:** **NOTICE OF THE TWENTY-FIRST ANNUAL GENERAL MEETING ("AGM")**

Dear Sir,

Enclosed please find a Text advertisement in respect of Notice of Twenty-First Annual General Meeting ("AGM") schedule to be held on Thursday, March 28, 2024, for circulation amongst the TRE Certified Holders of the Exchange.

This advertisement will be published in the newspapers i.e. Business Recorder & Daily Dunya on March 7, 2024.

Sincerely yours,

Syed Zia-ul-Husnain Shamsi
Company Secretary

cc:

***The Director/HOD Surveillance,***
***Supervision and Enforcement Department***
*Securities & Exchange Commission of Pakistan*
*NIC Building, Jinnah Avenue,*
*Islamabad.*

# NOTICE OF THE 21ST (TWENTY-FIRST) ANNUAL GENERAL MEETING

Notice is hereby given that the 21st (Twenty-First) Annual General Meeting of Samba Bank Limited (the "Bank") will be held on Thursday, March 28, 2024, at 12:00 noon ("PST") in Serena Hotel, Islamabad - Pakistan to transact the following business:

**Ordinary Business**

1. To confirm the minutes of the 20th Annual General Meeting held on Wednesday, March 29, 2023.
2. To receive, consider and adopt the Annual Audited Accounts of the Bank for the year ended December 31, 2023, together with the Reports of the Directors and Auditors thereon.
3. To appoint Auditors and to fix their remuneration for the term ending at the conclusion of the next Annual General Meeting. The retiring Auditors, M/s KPMG & Taseer Hadi & Co., Chartered Accountants, being eligible, have offered themselves for reappointment.

**Special Business**

4. To consider and approve the circulation of the Annual Audited Financial Statements (including balance sheet, profit and loss account, Auditor's report and Directors' report and other reports contained therein) to the Members of the Bank through QR enabled code and weblink, as allowed by the Securities and Exchange Commission of Pakistan under S.R.O. 389(I)/2023 dated 21 March 2023.

A statement of Material Facts under section 134(3) of the Companies Act, 2017 pertaining to the special business to be considered at the AGM is annexed.

**Any Other Business**

To consider any other business with the permission of the Chair.

By the Order of the Board
**Zia-ul-Husnain Shamsi**
Company Secretary

March 7, 2024
Karachi

**NOTES:**

1. Share Transfer Books of the Bank will remain closed from 21-03-2024 to 28-03-2024 (both days inclusive). Transfer received in order at the Bank's Registrar, M/s. FAMCO Share Registration Services (Pvt.) Limited, 8-F, Near Hotel Faran, Nursery, Block-6, P.E.C.H.S, Shahrah-e-Faisal, Karachi, up to the close of business on 20-03-2024 will be considered in time and to be entitled to attend and vote.
2. Copies of the minutes of the 20th Annual General Meeting dated March 29, 2023, are available for inspection by Members as required under section 152 of the Companies Act, 2017. Members who will join the meeting through a video link and are desirous of inspecting the minutes of the 20th AGM meeting may send his/her request via email at zia.shamsi@samba.com.pk.

**A. UPDATION OF SHAREHOLDER ADDRESSES & OTHER PARTICULARS:**

Members holding shares in physical form are requested to promptly notify Share Registrar of the Company of any change in their addresses or any other particulars. Shareholders maintaining their shares in electronic form should have their address updated with their participant or CDC Investor Accounts Service. Further, to comply with requirements of section 119 of the Companies Act, 2017 and Regulation 19 of the Companies (General Provisions and Forms) Regulations, 2018, all CDC and non-CDC shareholders are requested to have their email address and cell phone numbers incorporated / updated in their physical folio or CDC account.

**B. REQUIREMENTS FOR ATTENDING THE ANNUAL GENERAL MEETING:**

(i) In the case of individuals, the account holder or sub-account holder whose registration details are uploaded as per the Central Depository Company of Pakistan Limited ("CDC") Regulations, shall authenticate his/her identity by showing his/her original Computerized National Identity Card (CNIC) or original passport at the time of attending the Annual General Meeting.

(ii) In case of a corporate entity, the Board of Directors' resolution/power of attorney with specimen signature of the nominee shall be produced at the time of the Annual General Meeting, unless it has been provided earlier, to the Bank, along with the proxy form.

**C. PARTICIPATION IN AGM THROUGH ELECTRONIC MEANS:**

The Bank will be providing the facility to all shareholders to participate in Annual General Meeting via video link. Shareholders are encouraged to attend the AGM proceeding through the video link facility.

The entitled shareholders whose names appear in the Books of the Bank by the close of business on March 20, 2024, and who are interested to attend the AGM via video link are hereby requested to register themselves with the Company Secretary Office by providing the following information at the earliest but not later than 48 hours before the time of the AGM through Email agm@samba.com.pk with the following particulars:

| Name of Shareholder | CNIC number | CDC Account No./ Folio No. | Cell Number | Email Address |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |

Bank will send the login details/password via email addresses of the members who are registered, after the necessary verification. On the AGM Day, shareholders will be able to log in and participate in the AGM proceedings through their smartphones/laptops/tablets or computer devices from any convenient location. The login facility will be opened 30 minutes before the meeting time to enable the participants to join the meeting. Please note that only those shareholders who have already registered themselves through the above process, will be able to participate in the meeting.

The members can also send their comments/suggestions related to the agenda of the Annual General Meeting (AGM) through email at zia.shamsi@samba.com.pk or WhatsApp at +92(307) 3278728.

**D. REQUIREMENTS FOR APPOINTING PROXIES:**

a. A member entitled to attend and vote at the Annual General Meeting may appoint another member as his/her proxy to attend, speak and vote instead of him/her, and a proxy so appointed shall have such rights, as respects attending, speaking and voting at the meeting as are available to a member. A proxy must be a member of the Bank, provided that a corporation may appoint as its proxy a person who is not a member but is duly authorised by the corporation

b. Form of proxy, to be valid must be properly filled-in/executed and received at the registered office of the Company not later than 48 hours before the time of the meeting excluding holidays.

c. The proxy form shall be witnessed by two persons whose names, addresses and CNIC numbers shall be mentioned on the form.

d. Copies of CNIC or the valid passport of the beneficial owners and the proxy shall be furnished along with the proxy form.

e. The proxy shall produce his original CNIC or original valid passport at the time of the Meeting.

f. In case of a corporate entity, the Board of Directors' resolution / Power of Attorney with the specimen signature appointing a proxy shall be submitted.

**E. CIRCULATION OF ANNUAL AUDITED ACCOUNTS VIA EMAIL/CD:**

Pursuant to the directions given by the Securities and Exchange Commission of Pakistan ("SECP") through its SRO 787(1)/2014, dated September 8, 2014, and SRO 470(1)/2016 dated May 31, 2016, have allowed the companies to circulate its Annual Audited Accounts along with requisite reports to its members through CD / DVD / USB / or any other Electronic Media at their registered Addresses. The Bank has accordingly dispatched its annual report to shareholders on CDs.

Shareholders who wish to receive the hardcopy of Financial Statements shall have to fill out the standard request form (also available on the company's website www.samba.com.pk) and send it to the Company address.

**F. PLACEMENT OF FINANCIAL ACCOUNTS IN WEBSITE:**

The audited financial statements of the Bank for the year ended December 31, 2023 have been made available on the Bank's website www.samba.com.pk.

**G. SUBMISSION OF CNIC (MANDATORY):**

(i) Shareholders who have not yet submitted a copy of their valid CNIC or valid Passport to the Bank, are once again reminded to send the same latest by March 20, 2024. The CNIC number/NTN details are mandatory and are also required for checking the tax status as per the Active Taxpayers List (ATL) issued by the Federal Board of Revenue ("FBR") from time to time.

(ii) Individual Shareholders (including all joint holders) holding physical share certificates of the Bank are therefore requested to submit a copy of their valid CNIC to the Bank or its Share Registrar if not already provided. The shareholders, while sending CNIC must quote their respective folio numbers.

(iii) In cases of non-receipt of the copy of a valid CNIC, the Bank will be constrained under Section 243 (3) of the Companies Act, 2017 ("Companies Act") to withhold the dividend of such shareholders.

**H. PROVISION OF IBAN FOR THE PAYMENT OF CASH DIVIDEND ELECTRONICALLY (MANDATORY):**

(i) In compliance with Section 242 of the Companies Act, 2017, it is mandatory for a public listed company to pay cash dividend to its shareholders through electronic mode ONLY, directly into the bank account designated by the eligible shareholder.

(ii) Therefore, all shareholders, who have not provided their bank details are once again, through this notice, requested to update their accurate and complete 24 digits IBAN together with the bank's name, branch address, CNIC number and correct email address with respective Participants/Investors' Account Services of CDC, for electronic form of shares, and in case of physical shareholding with our Shares Registrar, M/s. FAMCO Share Registration Services (Pvt.) Limited, at the address given above. This will enable payment of past with-held dividend.

(iii) Please note that as per Section 243(3) of the Companies Act, 2017, listed companies are entitled to withhold payment of dividend if the necessary information is not provided by shareholders.

(iv) E-Dividend Mandate Form is available on the Bank's website for the convenience of shareholders.

**I. POSTAL BALLOT**

Pursuant to the Companies (Postal Ballot) Regulations, 2018, Members will be allowed to exercise their right to vote through postal ballot that is voting by post or electronic mode, in accordance with the requirements and procedure contained in the aforesaid regulations.

Shareholders desirous of voting electronically (e-voting) are requested to have their updated and active email and cell number incorporated in their physical folio with the Share Registrar of the Company and with their Participant or Broker / CDC Investor Account Services where their shares are digitally held.

**J. CONVERSION OF PHYSICAL SHARES INTO BOOK ENTRY FORM:**

Section 72 of the Companies Act, 2017 (Act) requires every existing company to replace its physical shares with book-entry form in a manner as may be specified and from the date notified by the Commission, within a period not exceeding four years from the commencement of the Act i.e. May 30, 2017. The period of four years is extendable by another two years. In this regard, SECP vide its letter dated March 26, 2021 has advised companies to comply with Section 72 of the Act and encourage shareholders to convert their shares in book entry form.

In light of above, the shareholders having physical shareholding are requested to open CDC sub-account with any of the brokers or Investor Account directly with CDC and convert their physical shares into scripless form at the earliest, which will facilitate them in many ways, including safe custody and sale of shares at any time, they want.

**K. REGISTRATION IN CCDR WEB PORTAL OF CDC:**

Central Depository Company (CDC) has developed a Centralized Cash Dividend Registrar ("CCDR"), on its e-Service's web portal, which contains details pertaining to cash dividends paid, unpaid or withheld by listed companies. CCDR maintains recent history of dividends paid to shareholders by listed companies and access to such information is provided to the respective shareholders including details of Income Tax / Zakat deduction etc. (if any) and the net amount credited into their accounts.

Shareholders of the Bank are requested to registrar themselves on CDC's e-services Portal https://eservices.cdcaccess.com.pk to access the above facility.

**L. UNCLAIMED DIVIDEND / SHARES U/S 244 OF THE COMPANIES ACT, 2017:**

An updated list of unclaimed dividends/shares of the Bank , which have remained unclaimed or unpaid for a period of three years from the date these have become due and payable, is available on the Bank's website www.samba.com.pk/samba/overviews/notices.

Claims can be lodged by shareholders on Claim Form as is available on the Bank's website. Claim Forms must be submitted to the Bank's Share Registrar for receipt of dividends/ shares.

**M. PROXY FORM**

Proxy form is enclosed and also available on the Bank's website, www.samba.com.pk

**STATEMENT OF THE MATERIAL FACTS UNDER SECTION 134(3) OF THE COMPANIES ACT, 2017**

This statement sets out the material facts concerning the Special Business to be transacted at the Annual General Meeting of the Bank to be held on Thursday March 28, 2024.

**ITEM (4) OF THE AGENDA:**

**Circulation of Annual Audited Financial Statements through QR enabled code and weblink:**

The Securities and Exchange Commission of Pakistan under S.R.O 389(I)/2023 dated 21 March 2023 has allowed listed companies to circulate the annual balance sheet and profit and loss account, auditor's report and directors' report, etc. ("annual audited financial statements") to its members through QR enabled code and weblink. Considering technological advancements and old technology becoming obsolete, the circulation of annual financial statements through CD/DVD/USB may be discontinued.

The Company shall circulate the Annual Audited Financial Statements through email in case email address has been provided by the Member to the Company. Further, the Company shall supply the hard copies of the Annual Audited Financial Statements to the Members, on demand, free of cost upon receipt of the Standard Request Form, available on the website of the Company.

Accordingly, it is proposed to pass the following resolution as an ordinary resolution:

**RESOLVED THAT** under and pursuant to S.R.O 389(I)/2023 dated 21 March 2023 issued by the Securities and Exchange Commission of Pakistan, the circulation of annual audited financial statements (including annual balance sheet and profit and loss account, auditor's report and directors' report, and other reports contained therein) to members through QR enabled code and weblink, be and is hereby approved.

None of the Directors of the Bank have any direct or indirect interest, except to the extent of their respective shareholding/directorship, in the above said special business.

# نوٹس برائے اکیسواں سالانہ اجلاسِ عام

نوٹس ہذا کے ذریعے آگاہ کیا جاتا ہے کہ سامبا بینک لمیٹڈ (بینک) کا اکیسواں (21) سالانہ اجلاسِ عام 28 مارچ 2024ء بروز جمعرات پاکستانی وقت کے مطابق دوپہر بارہ (12:00) بجے، بمقام ہوٹل سیرینا اسلام آباد، پاکستان میں حسبِ ذیل امور کی انجام دہی کے لئے منعقد کیا جارہا ہے۔

**عمومی امور**

ا۔ 29 مارچ 2023ء، بروز بدھ کو منعقدشدہ بیسویں (20) سالانہ اجلاسِ عام کے منٹس کی تائید و منظوری۔

۲۔ بینک کے سالانہ آڈٹ شدہ اکاؤنٹس بشمول ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹس برائے اختتامِ سال 31 دسمبر 2023ء کو وصول، ان کا تجزیہ اور ان کی منظوری دی جائے۔

۳۔ آئندہ مالی سال کے لئے سالانہ اجلاسِ عام کی حتمی مدّت تک کے لئے آڈیٹرز کا تقرر اور معاوضہ طے کرنا۔ ریٹائر ہونے والے آڈیٹرز، میسرز کے پی ایم جی اور تاثیر ہادی اینڈ کمپنی، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس نے اہلیت کی بنیاد پر دوبارہ تقرری کی پیشکش کی ہے۔

**خصوصی امور**

۴۔ سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان ("SECP") کی جانب سے 2023/(1) S.R.O 389، مورخہ 21 مارچ 2023ء کی اجازت کے تحت لسٹڈ کمپنیوں کو اپنے سالانہ آڈٹ شدہ گوشوارے (بشمول بیلنس شیٹ، نفع ونقصان کے اکاؤنٹ، آڈیٹر اور ڈائریکٹر کی رپورٹ اور دیگر رپورٹس) ممبران کو بذریعہ فعال QR کوڈ اور ویب لنک ترسیل کرنے پر غور اور اس کی منظوری دینا۔

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (3)134 کے تحت خصوصی امور سے متعلقہ بنیادی حقائق کی اسٹیٹمنٹ منسلک ہے، جو سالانہ اجلاسِ عام میں زیرِ غور لائے جائیں گے۔

**دیگر امور**

چیئرمین کی منظوری سے دیگر امور کو زیرِ غور لانا۔

7 مارچ 2024ء
کراچی

بحکمِ بورڈ
ضیاء الحسنین شمسی
کمپنی سیکریٹری

## نوٹس:

ا۔ بینک کی شیئر ٹرانسفر بکس **21 مارچ 2024**ء سے **28 مارچ 2024**ء (بشمول دونوں ایام) تک بند رہیں گی۔ جو ٹرانسفر بہ ترتیب 20 مارچ 2024ء کے روز کاروباری اختتام تک بینک کے رجسٹرار میسرز فیمکو شئیر رجسٹریشن سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے دفتر بمقام F-8، نزد ہوٹل فاران، نرسری بلاک-6، پی ای سی ایچ ایس، شاہراہ فیصل، کراچی، پر موصول ہونگے، وہ اجلاس میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کے اہل ہونگے۔

۲۔ کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 152 کے تحت ممبران کے معائنے کے لئے مورخہ 29 مارچ 2023ء کو منعقدہ بیسویں (20) سالانہ اجلاسِ عام کے منٹس کی نقول دستیاب ہیں۔ وہ اراکین جو ویڈیو لنک کے ذریعے میٹنگ میں شامل ہوں گے، اگر وہ بیسویں سالانہ اجلاسِ عام کے منٹس کا معائنہ کرنے کے خواہشمند ہیں تو zia.shamsi@samba.com.pk پر ای میل کے ذریعے اپنی درخواست بھیج سکتے ہیں۔

**الف۔ حصص یافتگان کے پتے اور دیگر تفصیلات کی تبدیلی**

ممبران جو فزیکل شیئرز رکھتے ہیں، اُن سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے پتوں یا دیگر تفصیلات میں تبدیلی کی صورت میں بینک کے شیئر رجسٹرار کو فوری مطلع کریں۔ ایسے حصص یافتگان جو الیکٹرانک شیئرز رکھتے ہیں وہ اپنے پتے میں کسی تبدیلی کے حوالے سے اپنے شراکت داروں یا سی ڈی سی انویسٹر اکاؤنٹ سروسز کو مطلع کریں۔ مزید یہ کہ کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 119 کمپنیز (عمومی شرائط اور فارمز) ریگولیشنز، 2018 کی درکار ضروریات کی پیروی کرتے ہوئے تمام سی ڈی سی اور نان۔ سی ڈی سی حصص یافتگان سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے ای میل ایڈریس اور فون نمبرز اپنے فزیکل فولیو یا سی ڈی سی اکاؤنٹ میں اپ ڈیٹ کریں۔

**ب۔ سالانہ اجلاسِ عام میں شرکت کی شرائط**

(۱) انفرادی حوالے سے، اکاؤنٹ ہولڈر یا ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر جن کی رجسٹریشن کی تفصیلات سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ ("CDC") ضوابط کے مطابق اپ لوڈ کی گئی ہیں وہ سالانہ اجلاسِ عام میں شرکت کے وقت اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) یا اصل پاسپورٹ دکھا کر اپنی شناخت کی تصدیق کروائیں گے۔

(۲) کارپوریٹ ادارے کی صورت میں پراکسی فارم کے ساتھ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی بمع نامزد کردہ فرد کے دستخط کے نمونے سالانہ اجلاسِ عام کے وقت پیش کرنا ہوں گے، اگر بینک کو پہلے فراہم نہیں کئے گئے ہیں۔

**ج۔ سالانہ اجلاسِ عام میں الیکٹرانک ذرائع سے شرکت کے قواعد:**

بینک تمام حصص یافتگان کو ویڈیو لنک کے ذریعے سالانہ اجلاسِ عام میں شرکت کی سہولت فراہم کرے گا۔ حصص یافتگان کو ویڈیو لنک کی سہولت کے ذریعے سالانہ اجلاسِ عام کی کارروائی میں شرکت کی ترغیب دی جاتی ہے۔

تمام اہل حصص یافتگان جن کے نام بینک کی بکس میں 20 مارچ 2024ء کے روز کاروباری دن کے اختتام تک موجود ہوں اور وہ سالانہ اجلاسِ عام میں ویڈیو لنک کے ذریعے شرکت کے خواہشمند ہوں تو اُن سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ کمپنی سیکریٹری آفس میں مندرجہ ذیل کوائف فوری طور پر یا کم از کم سالانہ اجلاسِ عام کے وقت سے 48 گھنٹے قبل ای میل agm@samba.com.pk کے ذریعے رجسٹر ہوجائیں:

| شیئر ہولڈر کا نام | سی این آئی سی نمبر | سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر/ فولیو نمبر | سیل نمبر | ای میل ایڈریس |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |

بینک ضروری تصدیق کے بعد لاگ ان کی تفصیلات/ پاس ورڈ رجسٹرڈ اراکین کے ای میل پتوں کے ذریعے ارسال کرے گا۔ سالانہ اجلاسِ عام کے دن، رجسٹرڈ حصص یافتگان اپنے سمارٹ فون/ لیپ ٹاپ/ ٹیبلیٹ اور کمپیوٹرڈ یوائسز کے ذریعے کسی بھی سہولت والے مقام سے لاگ ان کرسکیں گے اور سالانہ اجلاسِ عام کی کارروائی میں حصہ لے سکیں گے۔ اجلاس شروع ہونے سے 30 منٹ قبل ہی لاگ ان کی یہ سہولت شرکاء کی آسانی کے پیشِ نظر سالانہ اجلاسِ عام میں شمولیت کے لئے کھول دی جائے گی۔ براہ کرم نوٹ فرمالیں کہ صرف وہ حصص یافتگان جنہوں نے مندرجہ بالا عمل کے ذریعے پہلے ہی خود کو رجسٹر کر رکھا ہے، الیکٹرانک ذرائع سے اجلاس میں شرکت کرنے کے اہل ہوں گے۔

ممبران سالانہ جنرل میٹنگ (AGM) کے ایجنڈے سے متعلق اپنے تبصرے / مشورے zia.shamsi@samba.com.pk پر ای میل یا 3278728-(307)92+ پر واٹس ایپ کے ذریعے بھی بھیج سکتے ہیں۔

**د۔ پراکسیز کی تقرری کیلئے درکار شرائط:**

۱) ایک رکن جو سالانہ اجلاسِ عام میں شرکت اور ووٹ دینے کا اہل ہے وہ کسی دوسرے رکن کو اپنا متبادل (پراکسی) مقرر کرسکتا ہے تاکہ وہ شخص اُس رکن کی جگہ شرکت کر کے ووٹ دے سکے، تاہم نامزد کئے گئے نمائندے (پراکسی) کو اجلاس میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کے وہی حقوق حاصل ہوں گے جو رکن کیلئے ہیں۔ پراکسی لازمی طور پر بینک کا رکن ہو بشرط یہ کہ کارپوریشن صرف ایسے شخص کو نمائندہ (پراکسی) بنائے جو پہلے سے رکن نہ ہو بلکہ کارپوریشن کی جانب سے مجاز کیا گیا ہو۔

۲) پراکسی کا فارم لازمی طور پر باضابطہ پُر اور بینک کے رجسٹرڈ آفس میں سالانہ اجلاسِ عام کے انعقاد سے 48 گھنٹے قبل (تعطیلات کے علاوہ) موصول ہونا لازمی ہے۔

۳) پراکسی فارم پر دو افراد کی گواہی ہونی لازمی ہے جن کے نام، پتے اور سی این آئی سی نمبرز بھی فارم پر درج ہوں گے۔

۴) کسی بینیفیشل اونر اور متبادل (پراکسی) کے سی این آئی سی یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ نقول پراکسی فارم کے ساتھ مہیا کی جائیں گی۔

۵) پراکسی کو اجلاس کے وقت اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا۔

٦) کارپوریٹ ادارہ ہونے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی بمع تقرر کئے گئے پراکسی کے دستخط کے نمونے جمع کرانے ہوں گے۔

**ر۔ سالانہ آڈٹ شدہ اکاؤنٹس کی ای میل یا سی ڈی کے ذریعے ترسیل:**

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان ("SECP") کی جانب سے 2014/(1)SRO.787، مورخہ 8 ستمبر 2014ء اور 2016/(1)SRO.470 مورخہ 31 مئی 2016ء کے ذریعے دی گئی ہدایات کے مطابق لسٹڈ کمپنیوں کو اپنے سالانہ آڈٹ شدہ گوشواروں کی رپورٹس ممبران کے رجسٹرڈ پتے پر سی ڈی/ یو ایس بی/ ڈی وی ڈی یا دیگر الیکٹرانک ابلاغی ذریعے سے ارسال کرنے کی اجازت دی گئی ہے۔ جس کے تحت بینک نے اپنی سالانہ رپورٹ سی ڈیز کے ذریعے حصص یافتگان کو ارسال کردی ہے۔

ایسے تمام حصص یافتگان جو مالیاتی گوشواروں کی ہارڈ کاپی حاصل کرنا چاہتے ہیں انہیں اسٹینڈرڈ درخواست فارم (جو کمپنی کی ویب سائٹ www.samba.com.pk پر بھی دستیاب ہے) پُر کرکے اُسے کمپنی کے پتے پر بھیجنا ہوگا۔

**س۔ ویب سائٹ میں مالیاتی اکاؤنٹس کی پلیسمنٹ:**

31 دسمبر 2023ء کو ختم ہونے والے سال کے لئے بینک کے آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارہ جات بینک کی ویب سائٹ www.samba.com.pk پر دستیاب ہیں۔

**ک۔ سی این آئی سی (کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ) جمع کروانا (لازمی شق):**

۱) ایسے تمام حصص یافتگان جنہوں نے ابھی تک اپنے فعال سی این آئی سی یا فعال پاسپورٹ کی نقل (بینک) کو جمع نہیں کروائی ہے، ان کو ایک مرتبہ پھر یاد دہانی کروائی جاتی ہے کہ وہ یہ دستاویز 20 مارچ 2024ء تک ارسال کردیں۔ سی این آئی سی نمبر/ این ٹی این کی تفصیلات لازمی ہیں اور یہ فیڈرل بورڈ آف ریونیو ("FBR") کی جانب سے وقتاً فوقتاً جاری کردہ ایکٹو ٹیکس دہندگان کی فہرست (ATL) میں حصص یافتہ کا ٹیکس اسٹیٹس چیک کرنے کے لئے بھی ضروری ہیں۔

۲) انفرادی حصص یافتگان (بشمول تمام مشترکہ حصص یافتگان) جن کے پاس بینک کے اصل شیئر سرٹیفکیٹ موجود ہیں اُن سے درخواست کی جاتی ہے کہ اگر قبل ازاں فراہم نہیں کی گئی تو وہ اپنے فعال سی این آئی سی کی ایک نقل (بینک) یا اس کے رجسٹرار کو فوری جمع کرائیں۔ حصص یافتگان سی این آئی سی بھیجتے وقت حوالے کے طور پر اپنا متعلقہ فولیو نمبر ضرور تحریر کریں۔

۳) فعال سی این آئی سی کی نقل نہ ملنے کی صورت میں، بینک کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعہ (3)243 ("کمپنی ایکٹ") کے تحت ایسے حصص یافتگان کے ڈیوڈنڈ کی ادائیگی روکنے پر مجبور ہوگا۔

**ل۔ نقد ڈیوڈنڈ کی الیکٹرانک طور پر ادائیگی کے لئے IBAN کی فراہمی (لازمی شق):**

۱) کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 242 کے مطابق پبلک لسٹڈ کمپنی کے لئے لازم ہے کہ وہ اپنے اہل حصص یافتگان کو براہ راست اُن کے نامزد کردہ بینک اکاؤنٹ میں صرف الیکٹرانک ذریعہ سے نقد ڈیوڈنڈ ادا کرے۔

۲) لٰہذا تمام حصص یافتگان جنہوں نے اپنے بینک اکاؤنٹ کی تفصیلات فراہم نہیں کی ہیں ایک بار پھر اِس نوٹس کے ذریعے اُن سے درخواست کی جاتی ہے کہ اپنا درست اور مکمل 24 ہندسوں والا IBAN نمبر متعلقہ بینک کے نام، برانچ کے پتے، سی این آئی سی نمبر اور درست ای میل ایڈریس، الیکٹرانک حصص کے لئے سی ڈی سی کے متعلقہ شرکاء/سرمایہ کاروں کی اکاؤنٹ سروس میں اور فزیکل شیئر ہولڈنگ کی صورت میں ہمارے شیئرز رجسٹرار، میسرز فیمکو شئیر رجسٹریشن سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے مذکورہ پتے پر ارسال کرکے تجدید کروائیں۔ اس کے ذریعے سے پچھلے بقایا ڈیوڈنڈ کی ادائیگی بھی ممکن ہوجائے گی۔

۳) برائے کرم نوٹ کرلیں کہ کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن (3)243 کے مطابق، لسٹڈ کمپنیز حصص یافتگان کی جانب سے ضروری معلومات موصول نہ ہونے کی صورت میں ڈیوڈنڈ کی ادائیگی روکنے کی مجاز ہیں۔

۴) حصص یافتگان کی سہولت کے لئے ای ڈیوڈنڈ مینڈیٹ فارم بینک کی ویب سائٹ پر دستیاب ہے۔

**م۔ پوسٹل بیلٹ**

کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز، 2018 کے تحت ممبران کو ڈاک یا الیکٹرانک ذرائع سے پوسٹل بیلٹ کے ذریعے اپنا حقِ رائے شماری استعمال کرنے کی اجازت دی ہے جس کی درکار ضروریات اور طریقہ کار کی وضاحت مذکورہ ضوابط میں کی گئی ہے۔

وہ حصص یافتگان جو الیکٹرانک (ای۔ ووٹنگ) کے ذریعے ووٹ دینے کے خواہشمند ہیں اُن سے درخواست ہے کہ وہ کمپنی کے شیئر رجسٹرار اور پارٹیسپینٹ یا بروکر/ سی ڈی سی انویسٹر اکاؤنٹ سروسز کے ساتھ اپنا فعال ای میل اور فون نمبر اپنے فزیکل فولیو میں اپ ڈیٹ کرلیں جہاں ڈیجیٹل شیئرز اُن کے زیرِ ملکیت ہیں۔

**ن۔ فزیکل شیئرز کو بک انٹری صورت میں تبدیل کرنا:**

کمپنیز ایکٹ 2017ء کا سیکشن 72 ہر موجودہ کمپنی سے بیان کردہ طریقے کے مطابق اپنے فزیکل حصص کو بک انٹری کی صورت میں تبدیل کرنے کا تقاضا کرتا ہے، جس کی مدّت کمیشن کی جانب سے مطلع کردہ تاریخ یعنی 30 مئی 2017ء کے آغاز سے چار سال سے زیادہ نہیں ہونی چاہئے۔ چار سال کی اس مدّت میں مزید دو سال کی توسیع کی جاسکتی ہے۔ تاہم، اس سلسلے میں، ایس ای سی پی نے اپنے 26 مارچ 2021ء کے خط کے ذریعے کمپنیوں کو مشورہ دیا ہے کہ وہ سیکشن 72 کی تعمیل کرتے ہوئے تمام حصص یافتگان کو اپنے حصص بک انٹری کی صورت میں تبدیل کروانے کی ترغیب دیں۔

درج بالا شق کی روشنی میں، فزیکل حصص رکھنے والے حصص یافتگان سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ کسی بھی بروکر کے ساتھ سی ڈی سی ذیلی اکاؤنٹ کھولیں یا سی ڈی سی کے ساتھ براہِ راست انویسٹر اکاؤنٹ کھولیں اور اپنے فزیکل حصص جلد از جلد بک انٹری کی صورت میں تبدیل کروائیں، جس سے انہیں محفوظ تحویل اور ہمہ وقت حصص کی فروخت کے ساتھ ساتھ کئی اعتبار سے سہولت ملے گی۔

**و۔ (سی ڈی سی) کے سی سی ڈی آر ویب پورٹل میں رجسٹریشن:**

سنٹرل ڈپازٹری کمپنی (CDC) نے اپنی ای سروس کے ویب پورٹل پر ایک سنٹرلائزڈ کیش ڈیوڈنڈ رجسٹر ("CCDR") تیار کیا ہے، جس میں درج کمپنیوں کی طرف سے ادا کردہ، غیر ادا شدہ یا روکے گئے نقد منافع سے متعلق تفصیلات موجود ہوتی ہیں۔ سی سی ڈی آر لسٹڈ کمپنیوں کی جانب سے حصص یافتگان کو ادا کیے گئے منافع کی حالیہ معلومات محفوظ رکھتا ہے اور اس کے ذریعے حصص یافتگان کو انکم ٹیکس/ زکوٰۃ کی کٹوتی وغیرہ (اگر کوئی ہو) اور ان کے کھاتوں میں جمع کی گئی مجموعی رقم کی متعلقہ تفصیلات تک رسائی فراہم کی جاتی ہے۔

بینک کے حصص یافتگان سے درخواست ہے کہ وہ مندرجہ بالا سہولت تک رسائی حاصل کرنے کے لیے خود کو CDC کے ای۔ سروسز پورٹل https://eservices.cdcaccess.com.pk پر رجسٹر کروائیں۔

**ہ۔ کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 244 کے تحت غیر اعلانیہ ڈیوڈنڈ/حصص:**

بینک کے غیر دعویٰ شدہ ڈیوڈنڈز اور حصص جو واجب الادا ہونے کی تاریخ سے تین سال کی مدّت تک غیر دعویٰ شدہ یا بلا ادائیگی رہے، اُن کی ایک تازہ ترین فہرست بینک کی ویب سائٹ www.samba.com.pk/samba/overviews/notices پر دستیاب ہے۔

حصص یافتگان بینک کی ویب سائٹ پر دستیاب کلیم فارم پر دعویٰ درج کرسکتے ہیں۔ ڈیوڈنڈ/حصص کی وصولی کے لئے کلیم فارمز کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو جمع کرائے جائیں۔

**ی۔ پراکسی فارم:**

پراکسی فارم اس کے ساتھ منسلک ہے اور بینک کی ویب سائٹ www.samba.com.pk پر بھی دستیاب ہے۔

**کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (3)134 کے تحت بنیادی حقائق کی اسٹیٹمنٹ**

یہ اسٹیٹمنٹ خصوصی امور سے متعلق وضاحت کرتی ہے جو 28 مارچ 2024 کو منعقد ہونے والے سالانہ اجلاسِ عام میں انجام دیئے جائیں گے۔

**ایجنڈے کا آئٹم (4):**

**سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں کی بذریعہ فعال QR کوڈ اور ویب لنک ترسیل**

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی جانب سے 2023/(1)SRO. 389، مورخہ 21 مارچ 2023ء کے تحت لسٹڈ کمپنیز کو بیلنس شیٹ، نفع ونقصان کے اکاؤنٹ، آڈیٹرز اور ڈائریکٹرز کی رپورٹ (سالانہ آڈٹ شدہ گوشوارے) ممبران کو بذریعہ فعال QR کوڈ اور ویب لنک ترسیل کرنے کی اجازت دی ہے۔ پرانی ٹیکنالوجی کو منسوخ کرتے ہوئے جدید ٹیکنالوجی کے پیشِ نظر سالانہ مالیاتی گوشواروں کی ترسیل بذریعہ سی ڈی/ ڈی وی ڈی/ یو ایس بی منقطع کی جاسکتی ہے۔

ممبر کی جانب سے کمپنی کو ای میل ایڈریس موصول ہونے کی صورت میں کمپنی سالانہ مالیاتی گوشوارے بذریعہ ای میل فراہم کرے گی۔ مزید یہ کہ کمپنی کی ویب سائٹ پر دستیاب اسٹینڈرڈ درخواست فارم کی وصولی کے بعد ممبران کے مطالبے پر کمپنی بغیر کسی چارجز کے سالانہ مالیاتی گوشواروں کی ہارڈ کاپی بھی فراہم کرے گی۔

اس کے تحت، درج ذیل قرارداد کو عمومی قرارداد کی حیثیت سے منظوری کی تجویز دی جاتی ہے:

**قرار پایا کہ** سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی جانب سے 2023/(1)SRO. 389، مورخہ 21 مارچ 2023ء کی اجازت کے تحت لسٹڈ کمپنیز کو اپنے سالانہ آڈٹ شدہ گوشوارے (بشمول بیلنس شیٹ، نفع ونقصان کے اکاؤنٹ، آڈیٹر اور ڈائریکٹر کی رپورٹ اور دیگر رپورٹس) ممبران کو بذریعہ فعال QR کوڈ اور ویب لنک ترسیل کرنے کی منظوری دی جاتی ہے۔

بینک کے کسی بھی ڈائریکٹر کی مذکورہ خصوصی امور میں اُن کے متعلقہ حصص/ ڈائریکٹرشپ کے علاوہ براہِ راست یا بالواسطہ کوئی بھی دلچسپی نہیں ہے۔